FDNY

www.nyc.gov/fdny

کاروبار

Fire Department
سے
Certificate of Fitness, COF
(سرٹیفیکیٹ آف فٹنس)
حاصل کرنا

مددگار رہنماء ہدایات

Urdu

نقشہ

ہیڈکوارٹرز شعبۂ آگ

Flatbush Avenue سے داخلی راستہ

اسلحہ، اوزار اور برتن عمارت کے اندر لانے کی اجازت نہیں ہے۔

FDNY
www.nyc.gov/fdny

FIRE DEPARTMENT - CITY OF NEW YORK
9 METROTECH CENTER - BROOKLYN, NEW YORK 11201

یہ کیا ہے؟

Fire Department of New York (FDNY) خطرناک پیشوں کی مختلف اقسام کے لیے Certificates of Fitness, COF (سرٹیفیکیٹ آف فٹنس) جاری کرتا ہے۔ ہم انفرادی درخواست دہندگان کی یہ یقینی بنانے کے لیے جانچ کرتے ہیں کہ انہیں معلوم ہو کہ جائے کار پر خطرناک مواد کو حفاظت سے کیسے استعمال کرنا، محفوظ کر کے رکھنا اور سنبھالنا ہے۔

ہم تعمیل اور سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے مطالعاتی مواد اور دیگر رہنمائی فراہم کر کے آپ جیسے درخواست دہندگان کی معاونت کرتے ہیں۔

New York City Fire Code (نیویارک سٹی فائر کوڈ) کے تحت، مندرجہ ذیل امور کے لیے COF کی ضرورت ہوتی ہے:

کچھ مواد، آپریشن یا سہولت گاہوں کو بنانے یا ترتیب دینے، محفوظ کر کے رکھنے، سنبھالنے، استعمال کرنے، برقرار رکھنے، ان کا معائنہ کرنے، ان کی جانچ کرنے، ان کی نقل و حمل، ان کا انتظام کرنے اور ان کو چلانے کے لیے۔ COF مواد، آپریشن یا سہولت گاہوں کی عمومی نگرانی یا ذاتی نگرانی کے لیے ہو سکتا ہے۔

زیادہ تر COF کی مدت معیاد 3 سال ہوتی ہے۔ آپ COF کے بارے میں مزید **فائر کوڈ کے سیکشن FC 113** میں پڑھ سکتے ہیں۔

- **COF کی مکمل فہرست اور انہیں حاصل کرنے یا ان کی تجدید کے تقاضے www.nyc.gov/fdny پر دیکھیں**

میں یہ کیسے حاصل کروں؟

زیادہ تر Certificate of Fitness* کے لیے اپنے آجر سے تاریخ درج کردہ اور دستخط شدہ سفارش کا ایک خط حاصل کریں جس میں درج ہو کہ آپ کس قسم کا خطرناک کام سرانجام دیتے ہیں۔

درخواست فارم مکمل کریں، حکومت کا جاری کردہ آئی ڈی اور ادائیگی کا طریقہ دستیاب رکھیں۔**

بروکلین (Brooklyn) میں ہمارے ہیڈکوارٹرز میں ایک کمپیوٹر پر مبنی امتحان میں حصہ لیں اور پاس کریں۔ (پیر سے جمعہ، صبح 8 بجے سے سہ پہر 2:30 بجے، وقت طے کرنا ضروری نہیں ہے*)۔ امتحان صرف انگریزی زبان میں ہوتا ہے۔**

امتحان کے فوراً بعد جانچ کا نتیجہ، آپ کے COF کارڈ کے ساتھ، دے دیا جاتا ہے۔

* اگر آپ کے پاس سفارش کا خط نہیں ہے تو آپ کو *FDNY* کا ایک عارضی خط ملے گا کہ آپ نے امتحان پاس کر لیا ہے۔

** *COF* کے درخواست فارم آن لائن دستیاب ہیں۔ ہم ڈرائیورز لائسنس، پاسپورٹ یا *IDNYC* قبول کریں گے۔ زیادہ تر امتحانات کی فیس *25$* ہے اور نقد یا بذریعہ چیک، منی آرڈر، ڈیبٹ کارڈ یا کریڈٹ کارڈ ادا کی جا سکتی ہے (کریڈٹ کارڈ کے لیے *2.19%* سہولت فیس اضافی لی جائے گی)۔ آپ ایک دن میں میں *2* امتحانات دے سکتے ہیں۔

*** چھٹی کے دنوں میں ہمارا دفتر بند ہوتا ہے۔ اگر آپ واک ان اوقات میں نہیں پہنچ سکتے تو ***718-999-1988*** پر کال کر کے وقت طے کریں۔

سرٹیفیکیٹ آف فٹنس (COF) کارڈ کا نمونہ

اکثر پوچھے گئے سوالات

مجھے کیسے معلوم ہو گا کہ مجھے COF کی ضرورت ہے؟ 311 پر کال کریں یا اپنے آجر سے پوچھیں۔ آپ کو کسی انسپکٹر یا فائر فائٹر کے ذریعہ بتایا جا سکتا ہے کہ آپ جو کام کرتے ہیں اس کے لیے COF درکار ہے۔

اگر مجھے ملازمت حاصل کرنے سے قبل COF درکار ہو، تو کیا ہو گا؟ امتحان دیں اور پاس کریں اور آپ کو FDNY کی طرف سے ایک خط دیا جائے گا جو آپ ممکنہ آجروں کو پیش کر سکتے ہیں۔

میں امتحان کی تیاری کیسے کروں؟ FDNY اپنی ویب سائٹ پر مفت مطالعاتی مواد پیش کرتا ہے۔

مجھے امتحان کے لیے کتنا وقت پڑھائی میں صرف کرنا چاہیئے؟ اس کا انحصار آپ کے تجربے کی سطح، ماضی، آپ کی تعلیم اور آپ جو کام کرتے ہیں اس کی قسم پر ہے۔

کیا FDNY تیاری کے لیے کلاسیں منعقد کرتا ہے؟ نہیں۔ اور ہم تیاری کے لیے کسی بیرونی کورس کی منظوری بھی نہیں دیتے ہیں۔

کیا امتحان کاغذ اور پنسل کی مدد سے دیئے جاتے ہیں؟ نہیں۔ امتحانات کمپیوٹر پر مبنی ہوتے ہیں اور ٹچ اسکرین ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہیں۔

اگر مجھے انگریزی زبان مشکل لگتی ہو تو کیا میں اپنے ساتھ لغت لا سکتا ہوں؟ ہاں۔ کاغذی لغات ہی وہ واحد مواد ہیں جو امتحان دینے کے دوران استعمال کیا جا سکتا ہے۔ کوئی باہر سے لائے جانے والے کاغذات، کتابیں یا الیکٹرانک ڈیوائسز امتحان کے دوران استعمال نہیں کی جا سکتیں۔

امتحان میں کتنے سوالات ہوتے ہیں اور اس پر کتنا وقت صرف ہوتا ہے؟ زیادہ تر امتحانوں میں 20 سے 25 سوالات ہوتے ہیں۔ پورے طریقۂ کار کے لیے کم از کم 2 گھنٹے مختص کریں۔

امتحان کی فیس کتنی ہے؟ زیادہ تر امتحانوں کی فیس 25$ ہے۔ امتحانی فیسوں کی مکمل فہرست دیکھنے کے لیے FDNY کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔